کتاب نما

ادارہ

قرآنیات پر نئی کتابیں:

(۱) قرآن حکیم۔ مع ترجمہ اور اخذ و تلخیص تفسیر ''تدبر قرآن''

ترجمہ : مولانا امین احسن اصلاحی رحمتہ اللہ علیہ
اخذ و تلخیص : خالد مسعود
ناشر : فاران فاؤنڈیشن، ۲۲۱۔ فیروز پور روڈ اچھرہ، لاہور
سن اشاعت: ۲۰۰۰ء صفحات ۹۹۲، ھدیہ ۵۵۰ روپے

شہرۂ آفاق مصنف مولانا امین احسن اصلاحی (۱۹۰۴۔۱۹۹۸) کی تفسیر تدبر قرآن محتاج تعارف نہیں۔ نو جلدوں میں چھ ہزار صفحات پر مشتمل یہ تفسیر اردو تفاسیر میں ایک منفرد و ممتاز مقام کی حامل ہے۔ قرآن کریم، احادیث نبویؐ اور کلام عرب سے استشہاد کے علاوہ یہ تفسیر پچاس سال سے زیادہ عرصہ تک کتاب الٰہی میں مولانا اصلاحی کے غور فکر کا ماحصل ہے۔ اس کا سب سے نمایاں پہلو فلسفہ نظم قرآن کے مطابق قرآنی آیات کی تشریح و توضیح ہے۔ اس اصول کے مطابق قرآن کی تفسیر و ترجمانی کا کام اصلاً مولانا اصلاحی کے استاد مولانا حمید الدین فراہی (۱۸۶۳۔ ۱۹۳۰) نے عربی میں شروع کیا تھا، لیکن عمر نے وفا نہ کی اور صرف ۱۴

سورتوں کی تفسیر لکھ سکے، علم تفسیر کے باب میں مولانا اصلاحی کا یہ عظیم کارنامہ ہے کہ انھوں نے نظم قرآن کے اصول کے مطابق پورے قرآن کی تفسیر مرتب کی جو "تدبر قرآن" کے نام سے مشہور ہوئی۔ عرصہ سے یہ ضرورت شدت سے محسوس کی جارہی تھی کہ اس مبسوط تفسیر کی تلخیص تیار کی جائے تاکہ اس سے استفادہ میں آسانی ہو، مولانا کے عزیز شاگرد و علمی وارث جناب خالد مسعود صاحب قابل صد مبارکباد ہیں کہ انھوں نے یہ اہم دینی و علمی خدمت انجام دی۔

اس قیمتی نسخہ کے مشتملات کی ترتیب یہ ہے کہ ہر صفحہ پر پہلے آیات، قرآنی کا متن درج ہے۔ اس کے نیچے مندرجہ آیات کا ترجمہ دیا گیا ہے اور پھر تدبر قرآن کی تلخیص ذیلی حواشی کی صورت میں مرتب کی گئی ہے، اسکی خصوصیات خود مرتب کے الفاظ میں ملاحظہ فرمائیں :

(۱) "اس میں متن قرآن میں ہر آیت کے نمبر شمار کو ترجمہ میں بھی ظاہر کر دیا گیا ہے تاکہ قاری کو معلوم ہو سکے کہ وہ کون سی آیت کا ترجمہ پڑھ رہا ہے

(۲) جن مقامات پر مولانا نے محذوف معنی کھولے ہیں وہاں قوسین لگا کر ان کو نمایاں کر دیا گیا ہے تاکہ قاری متوجہ ہو جائے کہ وہ محذوف معانی پڑھ رہا ہے

(۳) ترجمے کے نیچے مختصر حواشی دیے گئے ہیں یہ ان مقامات پر ہیں جہاں قاری ذرا وضاحت کے بعد مفہوم بہتر طور پر اخذ کر سکتا ہے یہ حواشی مولانا کی تفسیر سے ماخوذ اور بیشتر انہی کے الفاظ میں ہیں۔ ان کی بدولت قاری مولانا کے افکار اور انکی اہم تحقیقات سے کسی قدر واقف ہو سکے گا۔

(۴) ہر سورہ کے حاشیہ سے قبل اس سورہ کا مرکزی مضمون چند الفاظ میں بیان کیا گیا ہے تاکہ تلاوت کرتے ہوئے قاری اسکو ذھن میں رکھ کر سورہ کے نظام کو سمجھنے میں آسانی محسوس کرے۔" (۵۔۶ / پیش لفظ)

مختصر یہ کہ قرآن کریم سے استفادہ اور اس کے معارف و حکم سے بہرہ ور ہونے کے لئے یہ ترجمہ و تلخیص افادیت سے بھرپور ہے۔ یہ خاص طور سے ان

حضرات کے لئے بہت مفید ثابت ہوگا جو وقت کی کمی کی وجہ سے تدبر قرآن کا بالاستیعاب مطالعہ نہیں کرسکتے یا اس کے طویل تفسیری نکات کو اخذ کرنے کی صلاحیت نہیں رکھتے۔

(۲) تفہیمات قرآن

مصنف : محمد جرجیس کریمی
ناشر : ادارہ خدمت خلق، ڈابھاکیند، دمکا (جھارکھنڈ)
سن اشاعت : ۲۰۰۰ء، صفحات ۱۰۶، قیمت: ۴۰ روپیے

یہ دنیا انسان کے لئے آزمائش گاہ ہے۔ وہ بے شمار مسائل سے گھرا ہوا ہے قدم قدم پر وہ مشکلات، کا سامنا کرتا ہے دوسروں کے مقابلہ میں مومنین اور زیادہ آزمائش سے دوچار ہوتے ہیں۔ ان مسائل و مصائب سے نبرد آزما ہونے کے لئے لوگ مختلف تدابیر اختیار کرتے ہیں اور صحیح رہنمائی نہ ملنے کی وجہ سے بعض لوگ مزید پریشانی میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ انسان کے لئے قرآن کریم سے بڑھ کر اور کوئی نسخہ کیمیا نہیں۔ اس کتاب عظیم نے مسائل کی نہ صرف نشاندہی کی ہے بلکہ ان کا شافی و کافی علاج بھی تجویز کیا ہے۔ خاص طور سے اس نے قلب کی بیماریوں یا روحانی امراض کے ازالہ کی جو تدابیر بتائی ہیں وہ انسان کی فکری، روحانی صحت کی ضامن ہیں۔ زیر تعارف کتاب اصلاً انہی حقائق کی ترجمانی و تشریح ہے۔ مولانا محمد جرجیس کریمی (رکن ادارہ تحقیق و تصنیف اسلامی علی گڑھ) نے قرآنی آیات کے حوالہ سے بڑی تفصیل سے یہ واضح کیا ہے کہ انسان اگر آزمائش و پریشانی میں گرفتار ہو یا قلبی امراض میں مبتلا ہو تو ان سے نجات کے لئے کیا طریقہ اختیار کرنا چاہیے "آزمائش کے قرآنی تصور" سے اپنی بحث کا آغاز کرتے ہوئے صاحب کتاب نے بڑے سادہ و موثر انداز میں صبر کا قرآنی تصور، جزاو سزا کا قرآنی تصور، فلاح کا قرآنی تصور، قلب اور اسکی روحانی بیماریاں، اصلاح نفس کے ذرائع،